انسدادِ دہشت گردی اور منظم جرائم سے متعلق بھارت-اٹلی مشترکہ ورکنگ گروپ کا 6واں اجلاس اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام سے متعلق بھارت-اٹلی مستقل ٹاسک فورس کے دوسرے اجلاس کا انعقاد

انسدادِ دہشت گردی اور منظم جرائم سے متعلق بھارت-اٹلی مشترکہ ورکنگ گروپ (JWG) کا 6واں اجلاس 06 اکتوبر 2026 کو نئی دہلی میں منعقد ہوا. دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام سے متعلق بھارت-اٹلی مستقل ٹاسک فورس کا 2رے اجلاس کا انعقاد مورخہ 07 اکتوبر 2026 کو نئی دہلی میں ہوا. ان اجلاس کی مشترکہ صدارت وزارتِ خارجہ ہند میں ایڈیشنل سیکرٹری (انسدادِ دہشت گردی) ڈاکٹر سہیل اعجاز خان اور اٹلی کی وزارتِ خارجہ و بین الاقوامی تعاون میں ڈائریکٹوریٹ جنرل برائے سیاسی امور و بین الاقوامی سلامتی کے جوائنٹ سیکرٹری برائے G7-G20، بین الاقوامی نوعیت کے خطرات اور مربوط حکمتِ عملی، مسٹر پاؤلو ماری نے کی. دونوں ممالک کے انسدادِ دہشت گردی اداروں نے اجلاس میں شرکت کی.

2. دہشت گردی کی تمام اقسام اور اس کی تمام شکلوں و مظاہر، بشمول سرحد پار دہشت گردی، کی مذمت کرتے ہوئے، دونوں فریقوں نے 22 اپریل 2025 کو جموں و کشمیر کے پہلگام میں ہوئے گھناؤنے دہشت گردانہ حملے کی ایک بار پھر مذمت کی.

3. گزشتہ دو دنوں کے دوران دونوں فریقوں نے منشیات کی اسمگلنگ اور خطے اور دنیا بھر میں ابھرتے ہوئے دہشت گردانہ خطرات انسدادِ دہشت گردی اور منظم جرائم کے شعبے میں تعاون سمیت وسیع تر دائرۂ کار کے مختلف پہلوؤں پر جامع تبادلۂ خیال کیا. دہشت گردانہ مقاصد کے لیے معلوماتی، مواصلاتی اور مالیاتی ٹیکنالوجیز سمیت نئی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے غلط استعمال کا مؤثر طور پر مقابلہ کرنے کے لیے تعاون کو مضبوط بنانے کی ضرورت کا اعادہ کرتے ہوئے دونوں فریقوں نے ابھرتے ہوئے اور غیر روایتی خطرات سے نمٹنے کے لیے استعدادِ کار میں اضافے اور معلومات کے تبادلے کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا.

4. مستقل ٹاسک فورس اجلاس میں بھارت-اٹلی انسدادِ دہشت گردی کی مالی معاونت کے مشترکہ اقدام کے تحت دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے شعبے میں تعاون کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ یہ مشترکہ اقدام دونوں ممالک کے وزرائے اعظم نے نومبر 2025 میں جوہانسبرگ میں G20 سربراہی اجلاس کے موقع پر شروع کیا تھا. دونوں فریقوں نے اقوامِ متحدہ GCTF ،(UN) اور FATF سمیت انسدادِ دہشت گردی کے شعبے میں کثیرالجہتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بھی تبادلۂ خیال کیا.

5. دونوں فریقوں نے باہمی طور پر موزوں تاریخ پر مشترکہ ورکنگ گروپ اور مستقل ٹاسک فورس کا اگلا اجلاس روم، اٹلی میں منعقد کرنے پر اتفاق کیا.

نئی دہلی
اکتوبر 07، 2026